ڈائریکٹرز کی پروفائل

محترم کامران ۔ وائی ۔ مرزا ۔ چیئرمین

محترم کامران ۔ وائی ۔ مرزا نے 2014 میں یونی لیور پاکستان فوڈز لمیٹڈ کے چیئرمین کے طور پر ذمے داریاں سنبھالیں ۔ آپ نے یو ۔ کے سے چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ کی سند حاصل کی ہے ۔ آپ نے 1970 میں ایبٹ پاکستان لیبارٹریز (پاکستان) لمیٹڈ میں شمولیت اختیار کی، جہاں پر وہ جواں سال مینجنگ ڈائریکٹر تھے اور انھوں نے اس عہدے پر 2006 تک مسلسل 29 سال خدمات انجام دیں ۔ آپ ایکسپورٹ پروسیسنگ زون اتھارٹی کے چیئرمین اور پاکستان بزنس کونسل کے چیئرمین بھی رہے ہیں ۔ محترم کامران فلپ مورس (پاکستان) لمیٹڈ کے چیئرمین کے ساتھ ایبٹ لیبارٹریز (پاکستان)، بینک الفلاح، انٹرنیشنل اسٹیل (ISL)، ایجوکیشن فنڈ فار سندھ (EFS)، کاروانِ حیات، اور سفاری کلب کے بورڈز میں بھی خدمات انجام دے رہے ہیں ۔ اس سے قبل آپ نے کراچی اسٹاک ایکسچینج، پی ایم ای ایکس (سابقہ نیشنل کموڈیٹیز ایکسچینج) کے چیئرمین اور اوورسیز چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری، امریکن بزنس کونسل کے صدر؛ اسٹیٹ بینک آف پاکستان، پاکستان اسٹیٹ آئل اور نیشنل بینک آف پاکستان میں ڈائریکٹر کے طور پر بھی فرائض انجام دے چکے ہیں ۔ آپ مستقل بنیادوں پر پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس (PICG)
میں لیکچرز بھی دیتے ہیں ۔

محترمہ شازیہ سید ۔ سی ای او

محترمہ شازیہ نے 20 اپریل، 2014 کو بورڈ میں شمولیت اختیار کی اور 07 مارچ، 2016 کو یونی لیور پاکستان فوڈز لمیٹڈ کے سی ای او کے عہدے پر فائز ہوئیں ۔ محترمہ شازیہ یونی لیور سری لنکا کی چیئرپرسن تھیں، یونی لیور میں 27 برس تک ذمے داریاں نبھاتے ہوئے انھوں نے یونی لیور کے تمام شعبہ جات میں کارکردگی کے جوہر دکھائے ہیں، وہ یونی لیور پاکستان اور یونی لیور ویتنام میں کسٹمر ڈیولپمنٹ اور ہوم اینڈ پرسنل کیئر ٹیموں کی سربراہی بھی کی ہے ۔ محترمہ شازیہ کے دو بچے ہیں اور گولف کی اچھی کھلاڑی ہیں ۔

محترم سہیل بیگ ۔ سی ایف او

محترم سہیل بیگ نے 19 جنوری، 2017 کو بورڈ میں شمولیت اختیار کی اور آج کل یونی لیور پاکستان لمیٹڈ اور یونی لیور پاکستان فوڈز لمیٹڈ میں بطور ڈائریکٹر اور چیف فنانشل آفیسر فرائض انجام دے رہے ہیں ۔ محترم سہیل نے 2002 میں یونی لیور آئے اور آپ نے ملکی، ریجنل اور گلوبل سطح پر سنگاپور، دی نیدرلینڈز اور پاکستان میں فنانس کی مختلف ذمے داریاں نبھائی ہیں ۔ محترم سہیل سی ایف اے انسٹی ٹیوٹ، امریکہ کے رکن ہیں اور مختلف فلاحی پروگراموں میں بھی شامل ہیں ۔

محترمہ فرحین سلمان عامر

محترمہ فرحین سلمان عامر نے 7 مارچ، 2016 کو بورڈ میں شمولیت اختیار کی اور آج کل ڈائریکٹر فوڈز اینڈ ریفریشمنٹس کے منصب پر فائز ہیں ۔ محترمہ فرحین نے 1998 میں یونی لیور میں بطور مینجمنٹ ٹرینی شمولیت اختیار کی ۔ کمپنی میں اپنے 17 برسوں کے دوران محترمہ فرحین نے دونوں فوڈ اینڈ ریفریشمنٹ اور ایچ پی سی کے شعبہ جات میں مختلف عہدوں پر فرائض انجام دیئے ہیں ۔ آپ نے گزشتہ دو برسوں میں بی ڈی ڈائریکٹر آئس کریم NAMET کے طور پر یونی لیور ترقی کے لیے خدمات انجام دیتے ہوئے جدت اور رابطوں کے پروگرام میں انتہائی اہم کردار ادا کیا، جس کی بدولت آئس کریم کے کاروبار میں 450 ملین یورو کا ہدف حاصل کیا اور پائیدار ترقی کو دوگنا زیادہ فروغ دینے کا اعزاز حاصل کیا ۔

محترم ذوالفقار منو

محترم ذوالفقار نے کمپنی کے قیام سے ہی بورڈ میں شمولیت اختیار کی۔ آپ آڈٹ کمیٹی اور یونی لیور پاکستان فوڈز لمیٹڈ کی ہیومن ریسورسز اینڈ ریمونریشن کمیٹی کے چیئرمین بھی ہیں۔ آپ نے ایچی سن کالج، لاہور وروارٹن اسکول، یونیورسٹی آف پنسلوانیا سے تعلیم حاصل کی ہے۔ آپ ڈائریکٹر ہیں اور رفحان میز پروڈکٹس لمیٹڈ کی آڈٹ کمیٹی کے چیئرمین کے علاوہ پاک ویسٹ انڈسٹریز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، لاہور کے چیف ایگزیکٹو کے عہدے پر فائز ہیں۔

محترم کمال منو

محترم کمال نے 19 دسمبر، 2016 کو بورڈ میں بطور نان۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر شمولیت اختیار کی۔ آپ نے ایچی سن کالج سے تعلیم حاصل کی اور سائرا کیوز یونیورسٹی اور یالے یونیورسٹی، امریکہ سے گریجویشن کی سند حاصل کی۔ آپ یونی لیور پاکستان فوڈز لمیٹڈ کی ہیومن ریسورس اینڈ ریمونریشن کمیٹی کے رکن بھی ہیں۔ اس کے علاوہ، آپ سمیرا فیبرکس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، سمیرا انڈسٹریز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، کاروان کرافٹس فاؤنڈیشن، اسلام آباد پالیسی ریسرچ انسٹی ٹیوٹ اور CNM ٹیکسٹائل، چیک ری پبلک کے ڈائریکٹر بھی ہیں۔

محترم میاں ایم۔ عادل منو

محترم عادل نے 5 مئی، 2002 کو بورڈ میں بطور نان۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر شمولیت اختیار کی۔ آپ یونی لیور پاکستان فوڈز لمیٹڈ کی آڈٹ کمیٹی کے رکن بھی ہیں۔ رفحان میز پروڈکٹس لمیٹڈ میں ڈائریکٹر کے علاوہ آپ ٹیکسٹائل ٹریڈ کے کاروبار میں بھی HN انٹرپرائزز کے سول پروپرائیٹر ہیں۔

محترم بدرالدین ایف۔ ویلانی

محترم بدرالدین نے 5 مئی، 2002 کو بورڈ میں شمولیت اختیار کی، آج کل آپ سپریم کورٹ آف پاکستان میں بطور وکیل رجسٹرڈ ہیں اور 'ویلانی اینڈ ویلانی' کے نام سے قانونی فرم کے پارٹنر ہیں۔ وکالت کے علاوہ، بدرالدین ایف ایم سی جی، مینوفیکچرنگ، میڈیکل اور فلانتھراپی کے شعبوں میں مختلف ملٹی نیشنل کمپنیوں کے بورڈ آف ڈائریکٹرز میں بطور رکن خدمات انجام دے رہے ہیں۔

محترم نعمان امجد لطفی

محترم نعمان نے یکم نومبر، 2015 کو بورڈ میں دوبارہ شمولیت اختیار کی۔ آپ کی یونی لیور کے ساتھ طویل وابستگی رہی ہے اور یونی لیور پاکستان میں سپلائی چین کے شعبے کی سربراہی بھی کرچکے ہیں۔ آج کل آپ یونی لیور سری لنکا میں سپلائی چین ڈائریکٹر کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔